# <u>ضروری ہدایات اور شرائط برائے صحیح البخاری کورسز</u>

(برائے مہربانی مندرجہ ذیل ہدایات اور شرائط غور سے پڑھیں اور اگر آپ کیلئے ان پر عمل درآمد ممکن ہو تو پھر داخلہ فارم پُر کریں۔)

## * صحیح البخاری کورس تین حصوں میں منقسم ہے۔

- <u>صحیح البخاری (پارٹ ۱)</u>
- <u>صحیح البخاری (پارٹ ۲)</u>
- <u>تصحیح البخاری (اُرٹ ۳)</u>

* صحیح بخاری کورس میں داخلے کی کوئی شرائط نہیں ہیں، کسی نے پہلے قرآن و حدیث کا کوئی کورس نہ بھی کیا ہو تو وہ اس کورس میں داخلہ لے سکتی ہیں۔

* الھدٰی ورچوئل کیمپس کے تحت آن لائن کورس Zoom پر کروایا جاتا ہے

* کلاس کا لنک کورس کے واٹس ایپ گروپ میں شئیر کیا جائے گا، جس کے ذریعے آپ کلاس میں شامل ہو سکیں گی۔ لیکن آپ اپنا Zoomاکاؤنٹ بنانا چاہیں تو اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کر کے بنا سکتی ہیں: www.zoom.us/download

* Zoom **<u>اکاؤنٹ اپنے ذاتی نام سے بنائیں یا کلاس میں شامل ہوتے ہی اپنا ذاتی نام لکھیں۔</u>**

* اگر لیپ ٹاپ یا کمپیوٹر دستیاب ہو تو اس سے کلاس لینا زیادہ بہتر ہے ورنہ کلاس کسی بھی سمارٹ فون سے لی جا سکتی ہے ۔

* آپ لازماً اپنی کلاس کے وقت سے کم از کم 10-5 منٹ پہلے فون/لیپ ٹاپ اور Zoom آن کر لیں۔

تا کہ جب کلاس انچارج کی طرف سےگروپ میں لنک شئیر کیا جائے تو آپ فوراً کلاس میں شامل ہو سکیں۔

* رجسٹریشن کے بعد طالبات کو کلاس میں شامل کرنا انچارج یا ایڈمن کی ذمہ داری ہے۔ **<u>کسی طالبہ کو کلاس کا لنک کسی کے بھی ساتھ شئیر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔</u>**

* آپ نے آن لائن کورس کرنے کا انتخاب کیا ہے تو اس کیلئے **ایک اچھے انٹرنیٹ کنکشن کا انتظام کرنا آپ کی اولین ذمہ داری ہے۔**

* کمزور انٹرنیٹ کی وجہ سے بار بار کال بند ہونا یا آواز کٹنے کی وجہ سے سبق سننے،لینے یا سنا نےمیں مشکل پیش آنا قابلِ قبول نہیں ہو گا۔

* کورس عموماً صبح اور شام دونوں وقت شروع کیا جاتا ہے، آپ نے اپنے لئے اس وقت کا انتخاب کرنا ہےجب آپ بغیر کسی پریشانی/رکاوٹ پوری توجہ کے ساتھ کلاس لے سکیں ۔

* کسی ایسے وقت کی کلاس کا انتخاب نہ کریں جو آپ کی مصروفیت کا وقت ہو اور کلاس کے دوران آپ کو کسی کام کیلئے اٹھنے کی اکثر ضرورت پیش آئے۔

* کورس کے دوران کچھ وقت یا کچھ دن کیلئے کسی دوسری کلاس/کورس میں شامل ہونے یا کسی کام کی وجہ سے کلاس میں لگاتار دیر سے شامل ہونے یا جلدی چھوڑ دینے کی بالکل اجازت نہیں دی جا سکتی۔

* اگر کسی مجبوری کی وجہ سے منتخب کئے گئے وقت پر کلاس لینا ممکن نہ ہو رہا ہو تو کورس انچارج سے بات کر کے ٹرانسفر فیس کی ادائیگی کے بعد کلاس کا وقت تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

* دورانِ کورس کسی وجہ سے اگر آپ کو رس جاری نہ رکھ سکیں تو آپ اپنی انچارج سے بات کر کے متعلقہ سٹاف کو مطلع کریں گی ۔آپ کا ریکارڈ شعبہ کےپاس محفوظ ہو گا۔ بعد میں کبھی آپ کورس دوبارہ کرنا چاہیں ، تو جس ٹرم میں شامل ہوں گی،اس ٹرم کی رجسٹریشن کروانی ہو گی۔ **<u>پہلےمکمل شدہ ٹرم</u>**کی رجسٹریشن فیس دوبارہ نہیں لی جائے گی۔ صحیح البخاری کورسز 4/5 ماہ کی دو ٹرمز پر مشتمل ہیں ۔

*** کورس کے لئے جمع کروائی گئی فیس قابلِ معافی نہیں ہے اور نہ کسی دوسرے کورس میں منتقل کی جا سکتی ہے۔**

## ❖ <u>کورس اور سرٹیفیکیٹ کی شرائط:</u>

حدیث پیپرمیں کم از کم 80٪ نمبر لینا۔

کلاس میں حاضری کم از کم 80٪ ہونا۔

## ❖ <u>صحیح البخاری کورس کا طریقۂ کار:</u>

* صحیح البخاری کورس کی ہفتے میں دو سےچار دن، روزانہ ڈھائی سے تین گھنٹے کی کلاس ہوتی ہے۔
* کلاس میں صحیح البخاری کے لیکچر سنتے ہوئے طالبات نوٹس بناتی ہیں۔ کچھ منتخب احادیث کا ترجمہ زبانی یاد کرنے کیلئے دیا جاتا ہے۔
۔ اگلی کلاس میں ٹیچر سب سٹوڈنٹس سے باری باری ترجمہ زبانی سنتی ہیں اور گزشتہ سبق کے اہم نکات ڈسکس کئے جاتے ہیں۔

## ❖ <u>پیپر /اسائنمنٹ پالیسی:</u>

* صحیح البخاری کا ایک پارہ مکمل ہونے پر اسی دن ٹیسٹ کی تاریخ طے کردی جاتی ہے۔ سب کے لئے طے شدہ وقت پر کلاس کے ساتھ ٹیسٹ دینا لازمی ہے۔

* کوئی طالبہ اگر کلاس کے ساتھ ٹیسٹ نہیں دیں گی تو اس ٹیسٹ میں ان کے کچھ نمبر کٹ جائیں گے۔

* ٹیسٹ کے دن سب طالبات کی کلاس میں حاضری ضروری ہے۔ غیر حاضری کی صورت میں سٹوڈنٹ سے پیپر قبول نہیں کیا جائے گا۔

* پیپرنیلے پین سے حل کرنا ضروری ہے۔ کالے ، سبز یا سرخ پین سے حل کیا گیا پیپر قابلِ قبول نہیں ہو گا۔

*پیپر کلاس انچارج کی طرف سے طالبات کو دو تین دن پہلے ای میل کر دیا جاتا ہے جسے وہ کمپیوٹر/لیپ ٹاپ پر بھی حل کر سکتی ہیں اور اس کا پرنٹ آؤٹ لے کر بھی حل کر سکتی ہیں ۔ لیکن **کسی رجسٹریا سادہ صفحے پر خود سے سوال جواب لکھ کر کیا گیا پیپر قابلِ قبول نہیں ہوگا۔**

* پرنٹ آؤٹ لے کر پیپر حل کرنے کی صورت میں طالبات اپنے پیپر کو اچھی طرح Scan کر کے انچارج کو ای میل کریں گی۔ اس مقصد کے لئے موبائل فون میں موجود Cam Scanner بآسانی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

* حل شدہ پیپر کے ہر صفحے کی الگ الگ تصویر لے کرانچارج کو بھیجنے کی اجازت نہیں ہے اور نہ اس صورت میں انچارج اسے چیک کرنے کی پابند ہوں گی۔

* **پیپر اردو میں حل کرنا لازمی ہے۔**

* کمپیوٹر یا لیپ ٹاپ پر پیپر حل کرنے کیلئے مندرجہ ذیل دو Apps انسٹال ہونی چاہییں:

Adobe Reader: https://get.adobe.com/reader/

Urdu: http://www.mbilalm.com/download/pak-urdu-installer.php

*** انچارج کی طرف سے دی گئی اسائنمنٹ/پیپرآپ کے پاس امانت ہے۔حل کرنے سے پہلے یا بعد میں کسی کو بھی دینے، دکھانے یاکسی بھی طرح استعمال کرنے کی بالکل اجازت نہیں ہے۔ حل کر لیں تو غیر حل شدہ پیپر اپنی ای میل اور کمپیوٹر سے delete کردیں۔**

## ❖ حاضری پالیسی:

* صحیح البخاری کی شروع سے آخر تک پوری کلاس میں حاضر رہنا ضروری ہے۔ اگرطالبات کلاس میں دیرسے شامل ہوں گی یا کلاس مکمل ہونے سے پہلے کلاس سے نکل جائیں گی تو اس دن کی پوری حاضری نہیں لگے گی۔

* تجوید اور ڈسکشن کے وقت سبق سنانا ضروری ہے۔ ٹیچر کے پکارنے پراگر طالبہ جواب نہیں دیں گی تو انھیں غیر حاضر تصور کر کےاس دن کی حاضری نہیں لگائی جائے گی۔

* اگر کسی مجبوری میں کسی دن کلاس سے غیر حاضر ہونا پڑے تواپنی انچارج کو بر وقت مطلع کرنا ،لنک سے اس دن کا سبق سن کر نوٹس مکمل کرنا ، ترجمہ یاد کرنا اور حفظ کی پریکٹس کرنا طالبات کی اپنی ذمہ داری ہو گی۔ کسی کلاس میں سبق نہ سنانے کا یہ عذر قابلِ قبول نہیں ہو گا کہ طالبہ پچھلی کلاس میں غیر حاضر تھیں۔

* اگر کسی طالبہ کے نمبر کسی پیپر میں 80٪ سے کم ہوں گے تو انھیں اس پارہ کا ٹیسٹ دوبارہ دینا ہوگا۔

* اگر کسی مرحلے پر لگاتار 3 پاروں میں کسی کے نمبر یا حاضری 80 ٪ سے کم ہوگی تو انھیں کسی دوسری ایسی کلاس میں شامل کیا جائے گا جس کے ساتھ انھیں کورس دوبارہ کرنا ہو گا۔